© rasailojaraid.com



# قراردادیں

## تحفظ مدارس دینیہ و اسلام کا پیغام امن کانفرنس، خیبر پختونخواہ

[بروز جمعرات 27 مارچ 2014ء وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے زیراہتمام جامعہ عثمانیہ پشاور (جدید) میں تحفظ مدارس دینیہ و اسلام کا پیغام امن کانفرنس منعقد ہوئی، اس موقع پر اتفاق رائے سے جو قراردادیں منظور کی گئیں وہ نذر قارئین ہیں.............ادارہ]

(۱)......یہ اجتماع حکومت اور تمام سرکاری اداروں سے پُرزور مطالبہ کرتا ہے کہ تمام اہلِ پاکستان اور علمائے کرام کے تحفظ کے سلسلے میں سنجیدہ کوشش کریں۔ حکومت مغرب کی اسلام دشمن حکومتوں کے اتباع کی بجائے اسلامی ممالک سے مخلصانہ روابط بڑھائے۔

(۲)......یہ اجتماع کراچی میں ہونے والے فسادات کی پُرزور مذمت کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ مصلحت کوشی چھوڑ کر جرأت مندانہ اقدامات سے عروس البلاد کراچی کو پُرامن شہر بنایا جائے۔

(۳)......وفاق المدارس العربیہ کا یہ اجتماع مدارسِ اسلامیہ پر بے جا پابندیوں کی پُرزور مذمت کرتا ہے اور نت نئے ضوابط وقوانین اور اپنے اسلامی حقوق کے سلسلے میں پابندیوں اور مشکلات کو ختم کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔

(۴)......یہ اجتماع جامعہ امداد العلوم پشاور کے مہتمم جناب حاجی محمد اسحاق بن مولانا فقیر محمد رحمہ اللہ اور ان کے بھائی حاجی عبدالودود بن مولانا فقیر محمد رحمہ اللہ کے بہیمانہ قتل پر گہرے دکھ کا اظہار کرتا ہے اور دونوں مرحوم بھائیوں کے لیے مغفرت اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کرتا ہے۔

(۵)......یہ اجتماع میڈیا پر آئے دن فحاشی اور عریانی کی ترغیب کو گہری تشویش کی نگاہ سے دیکھتا ہے اور اسے آئین پاکستان کی واضح خلاف ورزی قرار دیتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے کہ میڈیا کو مادر پدر آزاد فحاشی پھیلانے پر پابندی لگائی جائے اور یہ کہ میڈیا کو اسلامی معاشرے کی تشکیل میں معاون کردار ادا کرنے کا پابند کیا جائے اور قومی اسمبلی میں اس کے لیے ضروری قانون سازی کی جائے۔

(۶)......یہ اجتماع مطالبہ کرتا ہے کہ پاکستان کے اساسی مقاصد کی تکمیل کے لیے شریعتِ مطہرہ کا نفاذ اور آئینی ادارہ ''اسلامی نظریاتی کونسل'' کی تمام سفارشات پر آئین کے مطابق کارروائی کی جائے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

(۷)...... یہ اجتماع اس امر پر بھی تشویش کا اظہار کرتا ہے کہ غیر ملکی طلبا جو پاکستان میں نبوی علوم کی تشنگی بجھانا چاہتے ہیں ان کو سفری دستاویزات ویزا وغیرہ میں بہت مشکلات پیدا کی جاتی ہیں۔ حکومت سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ غیر ملکی طلبا کے تعلیمی ویزوں میں سہولت پیدا کرے۔

(۸)...... یہ اجتماع اس امر کو بھی تشویش کی نگاہ سے دیکھتا ہے کہ مدارس میں طلبا کے کوائف کے بہانے حکومت کی مختلف ایجنسیاں مدارس کے داخلی نظام میں مداخلت کرتی ہیں جو تعلیمی نظام کی بقا کے لیے انتہائی پریشانی کا باعث ہے، مطالبہ کیا جاتا ہے کہ اس سلسلے کو ختم کر دیا جائے۔

(۹)...... یہ اجتماع مملکتِ خداداد پاکستان کو اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت سمجھتا ہے اور اس کی سرحدوں کی حفاظت بہت ضروری سمجھتا ہے، ابھی حال ہی میں پڑوس ملک یا ممالک کی طرف سے سرحدی خلاف ورزی کی دھمکیوں پر اپنی تشویش کا اظہار کرتا ہے اور حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتا نہ کیا جائے۔

(۱۰)...... یہ اجتماع حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ آئینی تقاضوں کی تکمیل میں پورے ملک میں اسلامی نظامِ تعلیم ونصابِ تعلیم نافذ کیا جائے۔

☆......☆......☆


**طلباء دورۂ حدیث و اساتذۂ حدیث کیلئے نادر و نایاب تحفہ**

شیخ المحدثین والمفسرین حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی کی وہ بہترین شرح جس کا علماء و محدثین کو عرصہ سے انتظار تھا ادارہ اشرف التحقیق نے کتاب الصلوٰۃ تک مشتمل مباحث پر مبنی کتاب دو جلدوں میں طبع کر دی ہے بقیہ جلدوں پر کام جاری ہے۔ خوبصورت ڈائی دار جلد اور عمدہ سفید کاغذ پر پہلی مرتبہ طبع ہوئی ہے۔

**تحفۃ القاری عربی بحل مشکلات البخاری**

- مصنفؒ کے پچاس سالہ درس حدیث کا شاہکار
- بخاری میں اہم اور مشکل مقامات کی جامع شرح
- بخاری شریف کے مکمل متن کے ساتھ
- مکمل پیرا گرافی اور مفید حواشی کے ساتھ
- کتاب میں مذکور آیات واحادیث و مراجع کی مکمل فہرست

**احکام القرآن للتھانوی**

تکملہ حضرت مولانا مفتی سید عبدالشکور ترمذی مع منزل سابع احکام القرآن مؤلفہ حضرت مولانا محمد ادریس کاندھلوی سورہ ق تا ختم القرآن ۲ جلد میں طبع ہو گئی ہے

ڈاکٹر خلیل احمد تھانوی (ناظم) ادارہ اشرف التحقیق جامعہ دار العلوم الاسلامیہ 291۔کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور 042-35422213 0323-4414100




© rasailojaraid.com